شمارہ نمبر
02

# خبر نامہ انجمن خدام القرآن سندھ کراچی

مارچ 2019ء بمطابق جمادی الثانی/رجب المرجب 1440ھ

## فرمانِ الٰہی

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ (سورۃ النحل 89)

اور ہم نے آپ ﷺ پر یہ کتاب اتاردی ہے تا کہ وہ ہر بات کھول کھول کر بیان کردے، اور مسلمانوں کے لیے ہدایت، رحمت اور خوشخبری کا سامان ہو۔

## فرمانِ نبوی ﷺ

عن ابن عباس رضی الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه و سلم ا أيها الناس إني قد تركت فيكم ما إن اعتصمتم به فلن تضلوا أبدا كتاب الله و سنة نبيه صلى الله عليه و سلم

(المستدرك على الصحيحين للحاكم)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا لوگو میں تمہارے درمیان ایسی چیز چھوڑے جارہا ہوں اگر اس کو مضبوطی سے تھامے رہو گے تو کبھی گمراہ نہیں ہوگے۔ ایک اللہ کی کتاب اور دوسری اس کے نبی ﷺ کی سنت۔

## اداریہ

قارئین محترم ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امیدِ وافر بذاتِ غافر ہے کہ خبر نامہ انجمن ماہ مارچ کا یہ شمارہ آپ کو ایمان اور عافیت کی بہترین کیفیت کے ساتھ موصول ہوگا۔آمین

یہ افسوس ناک خبر قارئین محترم تک پہنچا رہا ہوں کہ انجمن خدام القرآن سندھ ، کراچی کے صدر محترم جناب ثاقب رفیع شیخ صاحب کا رضائے الٰہی سے 15 فروری 2019 بروز جمعۃ المبارک کو انتقال ہوگیا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کا آسان حساب فرمائے ان پر رحم فرمائے، ان کے قصوروں سے درگزر فرمائے ،ان کی کامل مغفرت فرمائے اور ان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ (آمین) مرحوم بہت جہاں دیدہ شخصیت کے مالک تھے موقع محل کے اعتبار سے محاوروں، اشعار اور آیات قرآنی کا استعمال کا ملکہ اللہ نے عطا فرمایا تھا 17 اپریل 2003 میں اقامت دین کی جد و جہد کے لیے تنظیمی قافلہ میں شامل ہوئے اور دینی فرائض کی ادائیگی کے لیے آخری سانس تک مصروف عمل رہے۔ تنظیم اسلامی حلقہ کراچی جنوبی میں خصوصی مشیر برائے حالات حاضرہ بھی رہے اس سے قبل تنظیم اسلامی سوسائٹی کی ذمہ داری بھی کئی سال بخوبی نبھائی۔ 2012 سے تادم آخر الحمد للہ انجمن خدام القرآن سندھ کے صدر کی حیثیت میں ذمہ داری بڑی خوش اسلوبی سے ادا کرتے رہے۔ اس ادارے کے کاموں میں وسعت کے لیے ہر وقت فکر مند رہنا اور انتظام وانصرام کے لیے اُن کی کاوشیں بھی قابلِ تعریف ہیں۔

والسلام

شجاع الدین شیخ

مدیر تعلیم، انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی

# انجمن خدام القرآن سندھ کراچی کے تحت جاری تدریسی سرگرمیاں

## قرآن اکیڈمی ڈیفنس

رجوع الی القرآن کورس کا پچیسواں بیچ الحمدللہ کامیابی کے ساتھ جاری ہے۔ جس کا اختتام ان شاءاللہ 19 اپریل کو ہو گا۔ اس کے علاوہ حلقات و دورات دینیہ (مختصر دورانیہ کے کورسز) بھی بحمد اللہ جاری ہیں۔ جن میں سے اہم ترین یہ ہیں "حلقہ منتخبات علوم دینیہ کورس"، "ایکٹیو ویک اینڈ کورس"، "لفظی ترجمہ کلاس"، "عربی گرامر کورس بعنوان قرآن اب آسان"، "تجوید القرآن کورس"، "عربی گرامر کورس بعنوان Lesson Of Arabic Language"۔ اکیڈمک اسٹاف کی علمی و اخلاقی تربیت کے لیے روزانہ کی بنیاد پر الحمدللہ تسلسل کے ساتھ کلاس جاری ہے۔ مورخہ 24 فروری 2019 بروز اتوار ادارہ ھٰذا کی مسجد میں ایک عظیم الشان محفل حسن قراءت کا پروگرام منعقد کیا گیا جس میں اندرون ملک سے قاری محمد خالد صاحب کراچی، قاری نعمان جعفر صاحب گجرانوالہ، قاری اکبر مالکی صاحب کراچی اور قاری محمد ابراہیم کاسی صاحب کوئٹہ سے تشریف لائے جبکہ بیرون ملک سے تین قراء حضرات قاری محمد جلال انور صاحب، قاری سلیمان شہاب صاحب اور قاری یحییٰ الشرقاوی صاحب نے محفل کو رونق بخشی۔ یہ پروگرام بعد نماز مغرب تا 11:30 بجے تک جاری رہا جس میں قراءت کے علاوہ شعبہ حفظ کے طلبہ نے حمد باری تعالیٰ، نعتِ رسول مقبول ﷺ اور نظمیں پیش کیں دوران پروگرام جناب عامر خان صاحب نے "عظمت و حقوق قرآن" کے موضوع پر مختصر خطاب فرمایا اور جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کا تعارف اور خدمات بھی شرکاء کے سامنے پیش کیں۔ پروگرام میں 1000 حضرات اور 100 خواتین نے شرکت کی۔ ادارے کے تحت ایک مسجد اور ایک مدرسہ بھی چل رہا ہے جس میں نماز پنجگانہ کے علاوہ نماز جمعہ و عیدین، نکاح اور نماز جنازہ کا بھی اہتمام ہے۔ فجر کے بعد تذکیر بالقرآن، ہر اتوار کو نمازِ ظہر کے بعد تذکیر بالقرآن، نمازِ عصر کے بعد تذکیر بالحدیث کا اہتمام ہوتا ہے۔ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ میں طلبہ کے لیے مختلف موضوعات پر دروس کا اہتمام ہوتا ہے۔ گزشتہ ماہ میں مدرسہ کے تمام شعبہ جات میں امتحانات ہوئے جس میں سوائے ایک طالب علم کے تمام بچوں نے کامیابی حاصل کی۔

## قرآن اکیڈمی کورنگی

ادارہ ھٰذا میں رجوع الی القرآن کورس الحمدللہ جاری ہے۔ اس کے ساتھ مختلف کورسز معمول کے مطابق جاری ہیں۔ نیز مدرسۃ البنین والبنات میں پڑھائی بھی معمول کے مطابق جاری ہے۔ گزشتہ ماہ تنظیم اسلامی کورنگی شرقی کے تحت 6 کلاسز پر مشتمل لیکچر سیریز بعنوان "Time Management And Vision" کا آغاز کیا گیا ہے جس میں تدریس کی ذمہ داری جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب ادا فرما رہے ہیں۔

دی ہوپ اسلامک اسکول کے سیکنڈری سیکشن کے طلبہ کے لیے گزشتہ ماہ سالانہ اسپورٹس ڈے راشد لطیف کرکٹ اکیڈمی میں منعقد کیا گیا۔ اسکول میں 25 فروری سے سالانہ امتحانات کا آغاز ہو گیا ہے۔ ہفتہ وار درسِ قرآن بھی باقاعدگی کے ساتھ جاری رہا جس میں مدرس کی ذمہ داری جناب نعمان اختر صاحب ادا فرما رہے ہیں۔

## قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں رجوع الی القرآن کورس بحمد اللہ جاری ہے۔ گزشتہ ماہ اس کورس میں 32 طلبہ اور 65 طالبات کی حاضری رہی۔ اس کے علاوہ مختلف اوقات میں حلقات و دورات کے تحت مختصر دورانیہ کے کورسز بھی جاری رہے۔ جس میں عربی گرامر، تجوید القرآن، علم و عمل کورس شامل ہیں۔ اسی طرح مدرسۃ القرآن میں بھی پڑھائی معمول کے مطابق جاری رہی۔ شعبہ حفظ میں تقریباً 70 بچے زیرِ تعلیم ہیں۔ اسی طرح شعبہ ناظرہ و قاعدہ میں گزشتہ ماہ تقریباً 170 طلبہ و طالبات کی حاضری رہی۔ خادمین کی تربیتی کلاس بھی معمول کے مطابق جاری رہی۔ نیز نماز عصر کے بعد طہارت و نماز کا بیان الحمدللہ مکمل ہو گیا۔ مرکز تعلم و تحقیق کے تحت گزشتہ ماہ الحمدللہ تقریباً 178 کتب کا اضافہ ہوا۔ نیز تقریباً 250 اضافی کتب اور رسائل قرآن انسٹیٹیوٹ گلستانِ جوہر کو فراہم کیے گئے۔ گزشتہ ماہ شعبہ حفظ کے طلبہ کے لئے تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف کلاسز کے درمیان آخری پانچ پاروں کے مسابقہ کا انعقاد بھی ہوا۔

جس کو طلبہ میں بہت سراہا گیا۔ گزشتہ ماہ کے اواخر سے اساتذہ کی تربیتی نشست کا بھی آغاز کیا گیا۔ گزشتہ ماہ ادارہ ھٰذا میں آن لائن اسلامک یونیورسٹی کے 3 طلبہ اور 7 طالبات کا آن لائن امتحانات کا بھی انعقاد ہوا۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

ادارہ ھٰذا میں رجوع الی القرآن کورس کی کلاس معمول کے مطابق جاری رہی۔ نیز ہفتہ واری عربی گرامر کلاس ”لسان القرآن“ کورس کی تدریس جاری رہی شرکاء کی حاضری تسلی بخش ہے جبکہ بعد نمازِ فجر تجوید کلاس برائے بالغان بھی الحمد للہ جاری ہے۔ مدرستہ القرآن میں بچوں کی تدریس کا سلسلہ بھی جاری ہے، ہفتہ میں پانچ دن جاری رہنے والی کلاس میں دعائیں اور نماز سکھانے کا بھی اہتمام ہوتا ہے اور چار ماہ میں ایک مرتبہ جائزہ بھی لیا جاتا ہے۔ جبکہ شام کے اوقات میں تنظیم اسلامی گلستان جوہر کے تحت دینیات کورس کی تدریس بھی الحمد للہ جاری ہے جس میں عربی گرامر اور تجوید کی کلاس ہفتہ میں دو دن منعقد ہوتی ہے۔

## قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد میں رجوع الی القرآن کورس الحمد للہ معمول کے مطابق جاری ہے، گزشتہ ماہ اس کورس میں شامل طلبہ کی تعداد 16 جبکہ طالبات کی تعداد 20 رہی۔ مطالعہ قرآن حکیم کورس میں گزشتہ ماہ 30 طلبہ اور 23 طالبات نے شرکت کی اس کے علاوہ ناظرہ قرآن میں 16 طلبہ اور 10 طالبات نے شرکت کی۔

## قرآن مرکز لانڈھی

گزشتہ ماہ تعلیمی و تدریسی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہیں جبکہ مدرستہ القرآن للحفظ والقراءۃ کے شعبہ حفظ میں 44 طلبہ زیر تعلیم ہیں جبکہ 1 طالب علم نے حفظ کی تکمیل کی اسی طرح شعبہ ناظرہ میں 108 طلبہ وطالبات زیر تعلیم ہیں۔ گزشتہ ماہ شام کے اوقات میں جاری عربی گرامر و تجوید القرآن کورس بحمد اللہ تکمیل کو پہنچا۔ مرکز میں جاری 15 روزہ درس قرآن بروز جمعہ تسلسل کے ساتھ منعقد ہوا ناظم قرآن مرکز جناب محمد ہاشم صاحب بیان کی ذمہ داری ادا کرتے ہیں جس میں سورۃ الکھف کے پانچویں اور چھٹے رکوع کا مطالعہ مکمل ہوا۔

## گزشتہ ماہ ہونے والے محاضرات ودروس

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس** میں گزشتہ ماہ دو خصوصی لیکچرز ”گھر میں دعوت کا کام کیسے کریں؟“ جناب شجاع الدین شیخ صاحب اور ”ابلیس کی مجلس شوریٰ“ ڈاکٹر اسرار احمد صاحبؒ (بذریعہ ویڈیو) کے موضوع پر ہوئے۔ فکر اسلامی کے تحت دو لیکچرز کا اہتمام کیا گیا جس میں ”اسلام کا انقلابی منشور“ ڈاکٹر اسرار احمد صاحبؒ (بذریعہ ویڈیو) ہوا اور ”قرآن اور جہاد“ کے موضوع پر ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے گفتگو رکھی۔

مسجد میں ماہانہ خصوصی خطاب کا اہتمام ہوتا ہے جو ہر ماہ پہلے جمعہ کو بعد نمازِ عشاء منعقد ہوتا ہے گزشتہ ماہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا خطاب بعنوان ”صدقہ جاریہ“ مورخہ یکم فروری کو منعقد ہوا۔ اس پروگرام کی ہر ماہ باقاعدگی سے ریکارڈنگ کی جاتی ہے جسے ایڈیٹنگ کے بعد قرآن اکیڈمی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا جاتا ہے۔

**قرآن اکیڈمی کورنگی** میں گزشتہ ماہ ”منہجِ انقلابِ نبوی ﷺ“ کے موضوع پر جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب کا لیکچر منعقد ہوا۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد** میں گزشتہ ماہ فکر اسلامی کے ضمن میں ”اسلام کی نشاۃ ثانیہ کرنے کا اصل کام“ منعقد ہوا جس کی تدریس کے فرائض جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے ادا کیے۔ جبکہ خصوصی محاضرات کے ضمن میں ”گھر میں دعوت کا کام کیسے کریں“ کے موضوع پر جناب شجاع الدین شیخ صاحب نے لیکچر دیا اور ”ابلیس کی مجلس شوریٰ“ جناب ڈاکٹر اسرار احمدؒ بذریعہ وڈیو منعقد ہوا۔ ہر ماہ کے پہلے ہفتہ کو قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں ماہانہ درس قرآن و حدیث کا انعقاد ہوتا ہے گزشتہ ماہ ”النباء العظیم“ کے موضوع پر سید سلیم الدین صاحب نے درس دیا۔ اس پروگرام کی ہر ماہ باقاعدگی سے ریکارڈنگ کی جاتی ہے۔ **قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر** میں گزشتہ ماہ فکر اسلامی کے تحت ”منہج انقلاب نبوی ﷺ“ کے موضوع پر جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے لیکچر دیا جبکہ ”جہاد فی سبیل اللہ“

کے موضوع پر جناب ڈاکٹر انوار علی صاحب نے لیکچر دیا اور استاذ محترم جناب شجاع الدین شیخ صاحب کا منتخب نصاب کا سلسلہ وار درس جاری رہا۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد** میں گزشتہ ماہ خصوصی محاضرات اور فکر اسلامی کے تحت "منہج انقلاب نبوی ﷺ" "دینی فرائض کا جامع تصور" "دین کا ہمہ گیر تصور" کے موضوعات پر جناب ڈاکٹر محمد الیاس صاحب نے لیکچرز دیے اور "اسلام کا انقلابی منشور" کی وڈیو کا اہتمام کیا گیا۔

## شعبہ سمع وبصر

**قرآن فورم:** شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت قرآن فورم کے عنوان سے حال ہی میں ایک ٹاک شو کا آغاز کیا گیا ہے جس میں دور جدید میں پیش آنے والے مختلف معاشرتی مسائل زیر بحث آتے ہیں اور ان مسائل کے ازالے کے لیے قرآن و سنت سے رہنمائی لی جاتی ہے اس پروگرام میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کے استاذ جناب سہیل احمد صاحب میزبانی کے فرائض انجام دے رہے ہیں جبکہ جناب شجاع الدین شیخ صاحب بطور مہمان شریک ہوتے ہیں۔ یہ پروگرام میٹرو ون نیوز چینل پر ہر جمعہ دوپہر 1 بجے نشر ہوتا ہے اور ہر ہفتہ صبح 6 بجے Repeat Telecast ہوتا ہے۔

گزشتہ ماہ تین موضوعات پر پروگرامات ریکارڈ کیے گئے:

"معاشرے میں بڑھتی بے حیائی کے اسباب" "بے حیائی کا سدباب" اور "اخلاق حسنہ"

**مختصر دورانیہ کے کلپس برائے سوشل میڈیا:** مختلف پروگراموں میں سے 3 سے 5 منٹ پر مشتمل مختصر دورانیہ کے درج ذیل عنوانات پر کلپس علیحدہ کر کے سوشل میڈیا پر شیئر کیے گئے۔

"اولاد کی تعلیم وتربیت اور والدین کا کردار (چند تلخ حقائق)"

"اولاد ایک نعمت (پیدائش کے موقع پر والدین کے فرائض)"

"اولاد کی تعلیم وتربیت کیسے کی جائے"

**اسلام چینل اردو (UK):** چینل پر شعبہ ملٹی میڈیا کے تحت تیار کیے گئے حسب ذیل پروگرام ہر ہفتہ نشر ہو رہے ہیں:

"مطالباتِ قرآن" (مدرس: جناب شجاع الدین شیخ صاحب)

"بیان الہدیٰ" (مدرس: جناب انجینئر نعمان اختر صاحب)

## شعبہ مطبوعات

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں انجمن خدام القرآن سندھ کے تحت شعبۂ مطبوعات مصروفِ کار ہے۔ گزشتہ ماہ دو کتابوں کے نئے ایڈیشن شائع ہوئے۔

جناب حافظ انجینیر نوید احمد صاحبؒ کے تالیف کردہ "منتخب نصاب: نکات برائے تدریس" کے حصہ ششم کا پانچواں ایڈیشن 1100 کی تعداد میں شائع ہوا۔ اس ایڈیشن کی خاص بات یہ ہے کہ پہلی بار حصہ ششم کو دو رنگوں میں اچھے کاغذ پر چھاپا گیا ہے۔ قرآنی آیات، احادیثِ مبارکہ، عنوانات وغیرہ کو سرخ رنگ سے نمایاں کیا گیا ہے۔

انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی کے تحت شائع ہونے والی کتاب "تزکیہ نفس" جو اس سے پہلے سات مختلف کتابچوں کی صورت میں شائع ہوتی تھی۔ گزشتہ ماہ الحمدللہ اس کتاب کو یکجا کر کے خوبصورت اور رنگین کاغذ پر شائع کیا گیا۔

گزشتہ ماہ انجمن خدام القرآن سندھ کی سالانہ رپورٹ 1200 کی تعداد میں شائع کی گئی۔

## اعلانات

**قرآن اکیڈمی ڈیفنس:** آئندہ ماہ خصوصی لیکچرز کے ذیل میں "اسلامک سافٹ ویئرز کا تعارف" جبکہ فکر اسلامی کے تحت "اسلام میں اجتماعیت اور بیعت کی اہمیت" کے موضوع پر پروگرامات کا اہتمام کیا جائے گا۔

**قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر:** آئندہ ماہ خصوصی محاضرہ "گھر میں دعوت کا کام کیسے کریں" کے موضوع پر جناب شجاع الدین شیخ صاحب لیکچر دیں گے جبکہ فکر اسلامی کے تحت "قرآن اور جہاد" کے موضوع پر جناب ڈاکٹر انوار صاحب لیکچر دیں گے۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد:** 15 مارچ 2019 بروز جمعہ مسجد جامع القرآن (قرآن اکیڈمی یٰسین آباد) کا افتتاح بدستِ مبارک جناب حافظ عاکف سعید صاحب امیر تنظیم اسلامی و نگران انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔ خطاب جمعہ 01:00 بجے دن۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد:** 16 مارچ 2019 بروز ہفتہ شعبہ حفظ سے تکمیل کیے ہوئے طلبہ کی تقریب دستار بندی۔ مہمان خصوصی جناب حافظ عاکف سعید صاحب امیر تنظیم اسلامی و نگران انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔ 09:30 بجے دن۔

**قرآن اکیڈمی یٰسین آباد:** 17 مارچ 2019 بروز اتوار انجمن خدام القرآن سندھ کی مجلس عامہ کا اجلاس (AGM) مہمان خصوصی جناب حافظ عاکف سعید صاحب امیر تنظیم اسلامی و نگران انجمن خدام القرآن سندھ، کراچی۔ 10:00 بجے دن۔